01-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے صحافیوں سے کہا کہ وہ سوشل میڈیا کے اس دور میں صحافت کا نقاب پہننے والوں کو بے نقاب کرتے ہوئے حقیقی صحافت کو اجاگر کریں۔

۲۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکراما کہ نے نلگنڈہ میں یادادری تھرمل پاوراسٹیشن کے پہلے 800 میگاواٹ یونٹ کوملک کے نام معنون کیا۔

۳۔الیکشن کمیشن آف انڈیا نے نائب صدر جمہوریہ کے عہدہ پر انتخاب کیلئے آج شیڈول کا اعلان کیا۔الیکشن کمیشن کے مطابق 9 ستمبر کو چناؤ ہوگا۔

اور

۴۔آپریشن مسکان کے تحت ایک مہینہ کی مدت کے دوران 1247 بچوں کو بچہ مزدوری اور گداگری سے بچایا گیا ہے۔

JOURNALISM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عوام کے مفاد میں صحافت کے رول کو سراہا اور جمہوریت کے تحفظ میں اس کی اہمیت کو اجاگر کیا۔انہوں نے صحافیوں سے کہا کہ وہ سوشل میڈیا کے اس دور میں صحافت کا نقاب پہننے والوں کو بے نقاب کرتے ہوئے حقیقی صحافت کو اجاگر کریں۔سوندریہ وگنان کیندر باغ لنگم پلی حیدرآباد میں ایک علاقائی روزنامہ کی دسویں سالگرہ کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے عوام کے مفادات کو اجاگر کرنے کے لئے مذکورہ اخبار کی ستائش کی۔اس موقع پر ریونت ریڈی نے جدوجہد آزادی کے موقع پر اخبارات کے رول کا سراہا۔انہوں نے خبردار کیا کہ بعض سیاسی پارٹیوں کی حمایت والے اخبارات آج عوامی مسائل اٹھانے کے بجائے صرف سیاسی پارٹی کے مفادات کے تحفظ پر توجہ مرکوز کررہے ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیاست کی طرح اگر صحافت میں بھی اعتبار کا فقدان ہوتا ہے تو اس کے سنگین نتائج برآمد ہوتے ہیں۔اس تقریب میں ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی، وزیراعلیٰ کے مشیروی نریندر ریڈی، سی پی ایم پولیٹ بیورو رکن بی وی راگھولو، ریاستی سکریٹری جان ویسلی، سابق ریاستی سکریٹری ٹی ویرابھدرم، سابق رکن اسمبلی جے رنگاریڈی اور دیگر موجود تھے۔

WEATHER

تلنگانہ کے مختلف مقامات پر آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی یومیہ رپورٹ میں بتایا کہ آئندہ پانچ دنوں کے دوران ریاست کے تمام اضلاع کے مختلف مقامات پر ہوائیں چل سکتی ہیں۔ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یا دو مقامات پر بارش ہوئی ہے۔

JANAHITHA

کانگریس کے ریاستی صدر و ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ پارٹی ورکروں کی گزشتہ ایک دہائیوں سے کی گئی کاوشوں کے نتیجہ میں ریاست میں پارٹی کو اقتدار حاصل ہوا ہے۔ جن ہیتا پدیاترا کے تحت آج پرگی میں پارٹی لیڈروں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مہیش کمار نے کہا کہ لوگوں کا ماننا ہے کہ کانگریس نے جبر کی حکومت کا خاتمہ کرتے ہوئے عوام کی حکومت لائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق بی آر ایس حکومت کی جانب سے چھوڑے گئے کئی مالیاتی چیلنجوں کے باوجود کانگریس پارٹی تو کوگوڑہ اسمبلی حلقہ میں کئے گئے اپنے وعدوں کو پورا کر رہی ہے۔ کانگریس انچارج میناکشی نٹراجن نے اس موقع پر کہا کہ کانگریس پارٹی آر ایس ایس کے خودغرضانہ طریقے اور بی جے پی کے بدعنوان نظریہ سے ہٹ کر محبت اور بےلوث جذبہ پر مبنی سیاست کرتی ہے۔

OFFICER

لیفٹیننٹ جنرل وی سری ہری نے دکشن بھارت کے جنرل آفیسر کمانڈنگ کے عہدہ کا جائزہ لے لیا ہے۔ دکشن بھارت کے تحت ٹاملناڈو، کرناٹک، کیرالا، آندھراپردیش، تلنگانہ اور دو یونین ٹیرٹیریز پڈوچیری اور لکش دیپ آتے ہیں۔ سری ہری کا تعلق کیرالا سے ہے اور انہیں نیوریزنگ 16 سکھ لائٹ اِنفنٹری بٹالین میں شامل کیا گیا۔ اس سے قبل انہوں نے مختلف عہدوں پر خدمات انجام دی ہیں۔ انہوں نے ملک کے شمالی مشرقی اور جنوبی حصوں میں بھی اپنی خدمات انجام دی ہیں۔ ساتھ ہی یو این مشن کیلئے بھی کام کیا ہے۔ سری ہری کو شوریہ چکرا اور اَتی وششٹ سیوا میڈل سے بھی نوازا گیا ہے۔

## LR-RS ADJOURN

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں آج اپوزیشن پارٹیوں کے مختلف موضوعات پر احتجاج کے بعد کارروائی کو دن بھر کیلئے ملتوی کر دیا گیا۔ راجیہ سبھا کو پہلے 12 دن تک ملتوی کیا گیا تھا تاہم بعد میں دن بھر کیلئے ایوان بالا کی کارروائی کو ملتوی کر دیا گیا۔ ادھر لوک سبھا میں دو بجے دن پہلا التوأ کیا گیا تھا بعد میں دن بھر کیلئے کارروائی کو ملتوی کر دیا گیا۔ 12 بجے دن راجیہ سبھا کی کارروائی جب دوبارہ شروع ہوئی اپوزیشن پارٹیوں کے ارکان نے بہار میں ووٹر لسٹ میں کی جارہی خصوصی گہری نظر ثانی کے موضوع پر ہنگامہ کیا جس کے بعد پریسائیڈنگ آفیسر گھنشیام تیواری نے ایوان کی کارروائی کو دن بھر کیلئے ملتوی کر دیا۔ لوک سبھا میں بھی پہلے التوا کے بعد جب کارروائی دو بجے دن دوبارہ شروع ہوئی اپوزیشن پارٹیوں کے ارکان نے بہار کے ووٹر لسٹ معاملہ پر ہنگامہ کیا۔ اس موقع پر ایوان کی صدارت کرر ہے کرشنا پرساد نے احتجاجی ارکان سے کہا کہ وہ گوا کے اسمبلی حلقوں میں شیڈول پرائز سے متعلق ایک بل پر بحث کو جاری رکھا جائے تاہم مسلسل خلل اندازی کے بعد انہوں نے لوک سبھا کی کارروائی کو دن بھر کیلئے ملتوی کر دیا۔

## VP ELECTION

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے نائب صدر جمہوریہ کے عہدہ پر انتخاب کیلئے آج شیڈول کا اعلان کیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق 9 ستمبر کو چناؤ ہوگا۔ گزشتہ مہینہ جگدیپ دھنکر کے نائب صدر کے عہدہ سے استعفیٰ کے بعد یہ الیکشن کروایا جارہا ہے۔ نائب صدر کے عہدہ کیلئے یہ 17 واں چناؤ ہوگا۔ اس مہینہ کی 7 تاریخ کو نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا اور اس مہینہ کی 21 تاریخ تک امیدوار اپنے پرچہ نامزدگی داخل کر سکتے ہیں۔

## MUSKAAN

آپریشن مسکان کے تحت ایک مہینہ کی مدت کے دوران 1247 بچوں کو بچہ مزدوری اور گداگری سے بچایا گیا ہے۔ جن مین 1173 لڑکے اور 74 لڑکیاں شامل ہیں۔ حیدرآباد سٹی پولیس نے مختلف تنظیموں، چائلڈ ویلفیر کمیٹی، لیبر ڈپارٹمنٹ محکمہ بہبودی خواتین واطفال، چائلڈ لائن، اینٹی ہیومن ٹرائی فیکنگ یونٹ، جونیال بیورو یونٹ اور دیگر این جی اوز کی مدد سے ان بچوں کو بچایا ہے۔ بچوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے 28 ڈویژنل ٹیمیں سرگرم تھیں۔ ان بچوں میں 673 کا تعلق تلنگانہ سے ہے جبکہ 560 کا دیگر ریاستوں سے تعلق ہے۔ نیپال سے 14 بچے بتائے جارہے ہیں۔ ویمن سیفٹی ونگ کی ڈپٹی کمشنر آف پولیس ڈاکٹر پی لاونیا نائک یادو نے یہ جانکاری دی۔

RAJ BHAVAN

راج بھون کی جانب سے آئندہ دنوں تلنگانہ اور ملک کی شمال مشرقی ریاستوں سے روابط کے موضوع پر ایک ٹیکنو کلچرل فیسٹول منعقد کیا جارہا ہے جس کے لئے انفرادی اشخاص ،طلبہ، فنکاروں، ڈیزائنرس اور عام لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ پیش کرتے ہوئے اس فیسٹول کا حصہ بنیں۔ لوگ، پوسٹر کی تیاری، ٹیک لائن اور لوگو ڈیزائن میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرسکتے ہیں۔ یہ ایونٹ دو مرحلوں میں منعقد ہوگا۔ پہلا مرحلہ 25 سے 27 نومبر 2025ء اور دوسرا مرحلہ 2 سے 4 دسمبر 2025ء منعقد ہوگا۔ ویب سائٹ www.governor.telangana.gov.in اور ای میل telangananortheastconnect.gmail.com پر مواد اپ لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ 15 اگست آخری تاریخ رہے گی۔

THERMAL

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے یدادری تھرمل پاور اسٹیشن کے پہلے 800 میگاواٹ یونٹ کو ملک کے نام معنون کیا۔ یہ پاور پلانٹ نلگنڈہ ضلع کے داماچرلہ منڈل کے ویرلا پالم میں واقع ہے۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ نے پلانٹ کی سائٹ پر انیٹی گریٹیڈ ٹاؤن شپ کا سنگ بنیاد رکھا جو کہ 970 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی جائے گی۔ اس تقریب میں ریاستی وزرا اتم کمار ریڈی، کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی اور اے لکشمن کمار کے علاوہ کونسل چیرمین جی سکھیندر ریڈی نے شرکت کی۔ 800 میگاواٹ یونٹ کے آغاز سے امید کی جارہی ہے کہ تلنگانہ میں برقی کی پیداوار میں اضافہ ہوگا اور ریاست کی توانائی طلب کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔

Add THERMAL

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ کانگریس کے اقتدار میں آنے کے دو مہینہ کے اندر ہی کلیئرنس حاصل کیا گیا اور 1600 میگاواٹ کے دو یونٹس کی تکمیل کی گئی۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا کہ دور دراز علاقوں میں کام کرنے والے ملازمین کو عالمی سطح کے تعلیمی ادارے، کارپوریٹ سطح کی طبی سہولیات اور مقامی فلاحی اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پراجکٹ کی تعمیر میں تعاون کرنے والے مقامی رہائشیوں کو بھی مفت تعلیم اور طبی خدمات فراہم کی جائیں گی۔ نائب وزیر اعلیٰ نے پراجکٹ کے لئے زمین فراہم کرنے والوں کو یقین دلایا کہ انہیں 15 اگست تک ملازمت اور بازآبادکاری کے فوائد حاصل ہوں گے۔

Sound Byte

OO